ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (411)

27-07-2023

# ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر محرم الحرام کے پیش نظر امن وامان کے حوالے سے بہاولپور پولیس کا رینجرز کے ہمراہ شہر بھر میں فلیگ مارچ، شر پسند عناصر کو واضح پیغام، کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی صورت میں آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس۔

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر پولیس نے شہر بھر میں موجودہ ملکی حالات اور سیکیورٹی صورتحال و امن وامان کے حوالے سے فلیگ مارچ کیا گیا۔ فلیگ مارچ کی قیادت ایس پی انویسٹی گیشن سلمان لیاقت نے کی۔فلیگ مارچ میں ڈی ایس پی سٹی سرکل، سٹی وصدر سرکل کے ایس ایچ اوز، ڈولفن اسکواڈ، ایلیٹ فورس، رینجرز، ٹریفک پولیس اور ڈسٹرکٹ پولیس نے حصہ لیا۔۔ڈی پی او نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے۔عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔جبکہ ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت نے کہا کہ شر پسند عناصر کو واضح پیغام ہیکہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، کسی کو امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔فلیگ مارچ پولیس لائن سے شروع ہو کر شہر کے مختلف راستوں ڈی سی چوک، ون یونٹ چوک، بغداد چیک پوسٹ، صدر پلی، کالی پلی سے قائد چیک پوسٹ، لائبریری چوک سے سرکلر روڈ، ختم نبوت چوک، دبئی چوک سے پرانی چونگی سے گلبرگ روڈ سے راجہ پمپ سے سرائیکی چوک، سمیع اللہ چوک، سٹی ہوٹل چوک، بندرہ پلی، میکڈونلڈ چوک، واپس لاری اڈا سے ہوتا ہوا پولیس لائن پر اختتام پزیر ہوا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر محرم الحرام کے پیش نظر امن وامان کے حوالے سے بہاولپور پولیس کا رینجرز کے ہمراہ شہر بھر میں فلیگ مارچ کا انعقاد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(412)

**27.07.2023**

## بہاول پور() آٹھ محرم الحرام کوضلع بھرمیں 70 مجالس عزا منعقد اور 33 جلوس برآمد ہوئے، سیکیورٹی کے سخت انتظامات، 4400 سے زائد آفیسران و اہلکاران و دیگر فورسز نے ڈیوٹی سرانجام دی۔

تفصیل کے آئی جی پنجاب، آر پی او بہاولپوراور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کے احکامات کے مطابق محرم الحرام میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔آٹھ محرم الحرام کوضلع بھرمیں 70 مجالس اور 33 جلوس منعقد ہوئے۔اس ضمن میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے۔جلوس ومجالس کی سیکیورٹی پر 4400 سے زائد پولیس اہلکار، رینجرز، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس، ڈولفن اسکواڈ اور وولنٹیرز نے ڈیوٹی سرانجام دی۔جلوس اور مجالس میں شامل ہونے والے شرکا کی مکمل تلاشی لی گئی اور جلوس کے راستے میں شامل دیگر راستوں کوخاردار تاروں سے بند کیا گیا۔خواتین کی تلاشی کے لئے لیڈیز پولیس بھی موجود رہی۔مجلس کے چاروں اطراف سیکیورٹی ڈیوٹی لگائی گئی۔سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے سخت مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جارہا ہے۔تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے جلوس شروع ہونے سے پہلے روٹ کی سیکیورٹی چیک کی۔جلوس کے راستے میں آنے والی بلند عمارتوں پر پولیس کے جوان مسلح مامور کئے گئے۔ پولیس کے ساتھ دیگر معاون ادارے اپنے اپنے فرائض سرانجام دینے میں مصروف ہیں۔ڈی پی او بہاولپور نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کوسیکیورٹی انتظامات کی کڑی نگرانی اور ڈیوٹی پر موجود ملازمان کو ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:۔آٹھ محرم الحرام کوضلع بھرمیں 70 مجالس عزا منعقد اور 33 جلوس برآمد ہوئے، سیکیورٹی کے سخت انتظامات